MEDIA RELEASE

CHAMPIONS T20 — 7 DEC - 25 DEC — RAWALPINDI CRICKET STADIUM

بحریہ ٹاؤن چیمپئنز ٹی ٹوئنٹی کپ : نورپور لائنز نے لیک سٹی پینتھرز کو 8 وکٹوں سے ہرادیا

- شاہد عزیز کی عمدہ بولنگ ، 20 رنز دے کر 4 وکٹیں حاصل کیں

راولپنڈی، 11 دسمبر2024ء:

بحریہ ٹاؤن چیمپئنز ٹی ٹوئنٹی کپ کے چھٹے میچ میں نورپور لائنز نے شاہد عزیز کی چار وکٹوں کی عمدہ بولنگ کے نتیجے میں لیک سٹی پینتھرز کو 8 وکٹوں سے شکست دے دی۔

یہ نورپور لائنز کی دو میچوں میں شکست کے بعد پہلی کامیابی ہے۔

راولپنڈی کرکٹ اسٹیڈیم میں بدھ کو کھیلے گئے میچ میں نور پور لائنز نے ٹاس جیت کر لیک سٹی پینتھرز کو بیٹنگ دی جو 19.2 اوورز میں 123 رنز بناکر آؤٹ ہوگئی۔

نور پور لائنز نے14.3 اوورز میں دو وکٹوں کے نقصان پر ہدف حاصل کرلیا۔

شاہد عزیز پلیئر آف دی میچ قرار پائے۔

پینتھرز کی اننگز میں شرجیل خان کے صرف 5 رنز پر آؤٹ ہونے کے بعد عمر صدیق اور حیدر علی اسکور میں 45 رنز کا اضافہ کرنے میں کامیاب ہوسکے لیکن بڑی اننگز اور بڑی پارٹنرشپ نہ ہونے کے سبب پینتھرز کے لیے بڑا اسکور کرنا ممکن نہ ہوسکا۔

عمر صدیق 2 چھکوں اور 2 چوکوں کی مدد سے 26رنز بناکر آؤٹ ہوئے۔ حیدر علی نے ایک چھکے اور 2 چوکوں کی مدد سے 26 رنز اسکور کیے۔

دانش عزیز نے 34 رنز کی اننگز کھیلی جس میں 4 چوکے اور ایک چھکا شامل تھا۔ کپتان شاداب خان صرف 8 مبصر خان ایک عماد بٹ 3 اور اسامہ میر 7 رنز بناکر آؤٹ ہوئے۔
دائیں ہاتھ کے 21 سالہ تیز بولر شاہد عزیز نے 20رنز دے کر 4 وکٹیں حاصل کیں۔ خوشدل شاہ نے 26 اور موسیٰ خان نے 32 رنز دے کر دو دو کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا۔

حسن نواز اور کپتان امام الحق نے لائنز کو 79 رنز کا پُراعتماد آغاز فراہم کردیا۔ حسن نواز نے4 چوکوں اور3 چھکوں کی مدد سے 44 رنز بناکر آؤٹ ہوئے۔ امام الحق نے 5 چوکوں کی مدد سے45 رنز بنائے۔

شاہ زیب خان 2 چھکوں اور ایک چوکے کی مدد سے 28 رنز بناکر ناٹ آؤٹ رہے۔

جمعرات کو دو میچز کھیلے جائیں گے۔ پہلا میچ اے بی ایل اسٹالینز اور یو ایم ٹی مارخورز کے درمیان ہوگا جبکہ دوسرے میچ میں نورپور لائنز اور اینگرو ڈولفنز کی ٹیمیں مدمقابل ہونگی۔

-ENDS-

Media contact:

Media, Communications and Digital Department
P: +92 (0) 42 111 227 777
E: pcb.media@pcb.com.pk

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium, Ferozepur Road Lahore, Pakistan, PO Box 54000
Tel: +92 42 35717231-4

pcb.com.pk | /PakistanCricketBoard | /TheRealPCB | /TheRealPCB | /PakistanCricketOfficial